# اشاعۃ السنۃ

نمبر ۶ و ۷ و ۸ جلد (۷) معہ ضمیمہ

بابت ماہ شعبان و رمضان و شوال سنہ ۱۳۰۱ ھ مطابق جون جولائی اگست سنہ ۱۸۸۴ء

**قیمت** رسالہ و ضمیمہ بدستور یعنی نوابوں و رئیسوں سے سالانہ عہ گورنمنٹ اور عام اغنیاء سے صہ متوسط الحیثیت سے معہ کم وسعت لوگوں سے ۱۲ ے بے وسعت اہل علم سے جو اسکی اشاعت کریں دعائے خیر

**خط و کتابت** و ارسال زر مہتمم کے پورے نام و خطاب سے حسب نشان ذیل تا اطلاع ثانی ہونا چاہیے اور بیرنگ ارسال زر بجز منی آرڈر یا ہنڈوی اور کوئی ہو ورنہ مہتمم ذمہ وار نہ ہوگا۔ ابو سعید محمد حسین۔ مہتمم اشاعۃ السنۃ بٹالہ ضلع گورداسپور


## اشتہار واجب الاظہار

ایک شخص فیض الحق نامی پست قامت پیوستہ ابرو گربہ چشم۔ گندم گون۔ عرصہ دو سال سے ہندوستان و پنجاب کے اکثر شہروں میں ہمارا رشتہ دار بنتا اور ہمارے نام کے جعلی خطوط دکھا کر لوگوں کو دھوکہ دے رہا ہے۔ پہلے تو وہ قیمت اشاعۃ السنہ لوگوں سے وصول کرتا رہا جسکے انسداد کے لئے اشاعۃ السنہ کے نمبر ۸ جلد ۶ کے ضمیمہ معمولی اشتہار میں مجملاً بلا ذکر نام اسکا حال چھاپا گیا تھا اور اسکے بعد ہمیشہ اسی اشتہار میں اسکی خیال سے یہ فقرہ لکھا جاتا ہے کہ ارسال زر بجز منی آرڈر یا ہنڈوی کے کسی اور سبیل سے نہ ہو۔ اب اسنے اپنے ہاتھ کو اور پھیلایا ہے اور خریداران اشاعۃ السنہ کے علاوہ عام لوگوں کا مال مارنا شروع کر دیا ہے۔ بہت لوگوں سے ہمارا نام لیکر قرض اٹھایا اور دیا نہیں گیا کسی سے کچھ مدد لیا تو واپس نہیں دیا بہت جگہ ہمارے نام کے جعلی خطوط متضمن سفارش اور جعلی فہرستیں چندہ بنا مسجد دکھا کر روپیہ وصول کرتا جاتا ہے۔ بعض جگہ سے دوسرے کے نام کا روپیہ جعلی دستخط و رسید دیکر وصول کر لیا۔ لہذا محض حسبۃً للہ لوگوں کے اموال و حقوق کی صیانت کی نظر سے بہ تصریح اسکے نام و حلیہ کے یہ اشتہار جاری کیا گیا ہے صاحبان و اخوان اسکے شر سے بچیں۔ ہمارے نام و لکھا ہو اسکی دھوکہ میں نہ آجاویں بلکہ ہمارا نام لیکر یہ ہمارا رشتہ جتا کر یا ہمارا خط دکھا کر جو کوئی کسی سے کچھ مانگے کسی نام یا کسی صورت کا ہو اسکا اعتبار نہ کریں اور یہ سمجھ رکھیں کہ اس مضمون کے خطوط لکھنے کی ہماری عادت نہیں۔ ہمارے معاملین دین متعلق اشاعۃ السنہ سوائے ڈاک سرکاری یا معتبر اشخاص کے نہ ہونگے جو کوئی روپیہ بجز اشخاص مقررہ کسی کے ہاتھ میں دیگا وہ اپنے روپیہ کا خود ذمہ وار ہوگا۔

ابو سعید محمد حسین مہتمم اشاعۃ السنہ


فہرست مضامین
نمبر ۶ و ۷ و ۸
(۱) براہین احمدیہ پر ریویو جسکا صفحہ (۲۱۲) توجہ گورنمنٹ کے لائق ہے
(۲) مناظرہ شیر قیصر کی نسبت فیصلہ
(۳) مضمون دیگر بجواب شیر قیصر
(۴) رائے سر ... نمبر ۱۱ جلد ۶ لائق توجہ گورنمنٹ


### اطلاع

نمبر ۶ و ۷ جسمین ریویو براہین احمدیہ تمام ہوا ہے معمولی مقدار سے دو چند چھپوائے گئے ہیں قیمت ہر دو عام خریداران سے ۸ اور جو ۵ نسخہ خریدیں انکو بہ قیمت معاف اور جو خریدار کم وسعت ہوں یا جو بغرض تقسیم کرنیکے لئے خریدیں انسے ہر دو نمبر کی ۴ ہے۔ یہ دو نمبر بواقف کے علاوہ اشخاص ذیل سے مقامات ذیل میں بھی ملینگے (۱) لاہور کشمیری بازار شیخ محی الدین کتب فروش (۲) امرتسر کٹرہ مہاسنگھ مکان داروغہ محمد عمر صاحب۔ یا حافظ عبد الرشید صاحب۔


مطبع چشمہ نور پریس امرتسر

© rasailojaraid.com



# براہین احمدیہ

پر

# ریویو

اس کتاب کے چار حصہ طبع ہو کر ہماری نظر سے گزرے ہین ہم قبل اسکے کہ اس پر رائے زنی کرین اسکے اکثر مطالب کی **تلخیص** مناسب سمجھتے ہین تا کہ بحکم مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید اس کتاب کی خوبی خود اسی سے ظاہر ہو اور جو کچھہ ہم اسکی نسبت کہین اسمین کسی کو مبالغہ کا گمان نہ ہو۔

اسکے حصہ **اول** مین تو صرف سبب تالیف بیان ہوا ہی اور اس کتاب کے جواب پر دس ہزار روپیہ انعام دینے کا اشتہار بقلم جلی درج کیا گیا ہی۔ اس اشتہار کی نسبت ہم یہہ رائے ظاہر کرتے ہین کہ یہہ مولف کی کمال ثابت قدمی اور عالی ہمتی پر دلیل ہے اور مخالفین اسلام پر خدا تعالی کی جانب سے کامل حجت قایم ہوئی ہی اس اشتہار پر بھی کسی نے اسکے جواب مین قلم نہ اٹھایا تو اس سے کس و ناکس کو اس بات کا یقین حاصل ہونا لازم ہے کہ مخالفین اسلام سے کسیکو اپنے مذہب کی سچائی کا کامل یقین نہین ہی جو ہے تقلیدی اعتقاد ہے جبپر انکے علم و خیال مین ایسے دلایل قایم نہین ہین جیسے کہ اسلام کی سچائی پر دلایل قایم ہین اس صورت مین انکا اسلام سے انکار انصاف و فتوت کے خلاف ہی۔

## تلخیص مطالب حصہ دوم

اس حصہ **دوم** مین ایک مقدمہ ہے جسمین **امور ذیل** کا اظہار ہے

**امر اول** مذہب مخالفین اسلام سے تعرض اس کتاب کا اصلی مقصد نہین ہی اصل مقصد کتاب اثبات حقانیت قران و نبوت محمدیہ ہی چونکہ اس مقصد کا اثبات اعتقادات و اعتراضات مذاہب غیر کے ذکر و جواب پر موقوف ہی لہذا بحکم ضرورت ان مذاہب سے

© rasailojaraid.com